**29/03/2026**

**07.40 / PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگرہے خبروں کا بلیٹن لےکر مینبصارت گُل**

**پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔**

**ہیڈ لائینز**

***........ وزیرا عظم نریندر مودی نے ریڈیو پروگرام من کی بات میں کیا مختلف موضوعات پر اظہار خیال// رانجی ٹرافی جیتنے پر کی جموں کشمیر ٹیم کی تعریف۔**

***........ وزیر اعظم نے کی ایندھن کی دستیابی کے بارے میں افواہوں پر کان نہ دھرنے کی لوگونسے تاکید۔**

***........ بھارت ایک اختراعی طاقت کے طور پر اُبھر رہا ہے// ایل جی منوج سنہا ۔**

**اور**

***........ جموں میں ”جموں میراتھن“ کا انعقاد // وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے دکھائی جھنڈی ۔ایل جی منوج سنہا نے فاتحین میں کئے انعامات تقسیم۔**

**من کی بات**

**وزیر اعظم نریندر مو دی نے مغربی ایشیاءمیں بڑھتے ہوئے تنازعے پر تشویش کا اظہار کر تے ہوئے کہا ہے کہ اس جا ری کشید گی سے اگر چہ عالمی سطح پر توانائی کی ضروریات متاثر ہوئی ہیں تاہم بھارت اس چلینج سے اُبھرنے کی بھر پور صلاحیت رکھتا ہے۔ آکاشوانی پر اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات کے132ویں شمارے میں اظہار خیال کر تے ہوئے وزیر اعظم نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ملک میں ایندھن کے حوالے سے پھیلائی جا رہی افواہوں پر کان نہ دھریں۔**

**PM**

**وزیر اعظم نے کہا ہے کہ مارچ کا مہینہ ملک بھر کے کرکٹ شائقین کےلئے جو ش اور جذبے سے پُر رہا۔ جب بھارتی ٹیم نے T-20 ورلڈ کپ اپنے نام کیا۔ انہوننے کہا کہ اسی مہینے میں جمونو کشمیر کی کرکٹ ٹیم نے 7دہائیوں کے بعد رانجی ٹرافی جیت کر تاریخ رقم کی۔**

**-------**

وزیر اعظم نے کہا کہ موسم گرما کی آمدکو مد نظر رکھتے ہوئے سب کو پینے کے پانی کے تحفظ کو یقینی بنانا چاہئے ۔ انہوننے کہا کہ سر کار اس ضمن میں مناسب اقدامات کر رہی ہیں۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کی دور اندیش اصلاحات نے ایک ایسا ماحول پیدا کیا جہاں بھارت ایک صارف سے تخلیق کار ملک کی طرف بڑھ رہا ہے۔ انہوننے کہا کہ آج بھارت ایک اختراعی طاقت کے طور پر اُبھر رہا ہے۔

ایوارڈس 2026 کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے، جس کا "Big Impact وہ کل جموں میں 92.7 Big FM انعقاد نے کیا تھا۔

LG

ایوارڈس کے آئندہ ایڈیشن میں کسان برادری کو Big Impact لیفٹنٹ گورنر نے تجویز دی کہ بھی شامل کیا جائے تاکہ جموں و کشمیر کی معیشت میں ان کی اہم شراکت داری کو اُجاگر کیا جا سکے۔

ایل جی میراتھن

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ میرا تھن جیسی فٹنس سرگرمیاں نہ صرف انسانی صحت کیلئے مفید ہیں بلکہ یہ ذہنی صحت کو فائدہ پہنچانے کے علاوہ اتھلیٹ کو مختلف محاذوں پر بھی کامیابی کیساتھ ہمکنار کراتی ہیں۔ جموں میرا تھن کے اختتام پرفاتحین کو انعامات سے نوازنے کے بعد ایل جی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ۔

LG

عمر میراتھن

اس سے پہلے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں میں آج ”جموں میراتھن“ کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ وزیر اعلیٰ نے 21کلو میٹر کے ہاف میراتھن میں خود بھی شرکت کی ۔ جموں میں بارشوں کے باوجود کھیل کود کے وزیر ستیش شرما، کئی ارکان قانون سازیہ اور چیف سیکریٹری کے علاوہ ہزاروں اتھلیٹس نے میراتھن میں شرکت کی ۔ اس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے زندگی کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے افراد سے تلقین کی کہ وہ بہتر طرز زندگی اپنا کر اس طرح کی سرگرمیوں میں حصہ لیتے رہیں۔

جاوید ڈار

محکمہ زراعت کے اہتمام سے آج لالمنڈی سرینگر میں ایک روزہ کسان میلے کا انعقاد ہواجس کا افتتاح وزیر زراعت جاوید احمد ڈار نے کیا۔ میلے میں کسانوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی جن کو کاشتکاری کے جدید طریقوں کے متعلق جانکاری دی گئی۔اس موقعے پر وزیر زراعت نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا

-----

ٹولپ گارڈن

وزیر زراعت جاوید احمد ڈار نے آج جنوبی کشمیر کے اننت ناگ ضلع کے ساگم علاقے مینشیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچر ل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کے Mountain Crop Research Station میں قائم کئے گئے ٹولپ گارڈن کا افتتاح کیا۔اس موقعے ممبر اسمبلی ڈورو غلام احمد میر، سکاسٹ کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی، یونیورسٹی کی ڈائریکٹر ایکسٹینشن پروفیسر ریحانہ حبیب کنٹھ اور انتظامیہ کے کئی افسران موجود تھے۔

وزیر موصوف نے ٹولپ بلبس کیلئے ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ سینٹر قائم کرنے کیلئے سکاسٹ کے سائنس دانوں کو مبارکباد دی ۔ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ سینٹر کی اہمیت کے بارے میں سکاسٹ کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔.

میڈیسنل پلانٹس

جموں صوبے مینمیڈیسنل پلانٹس کی کاشت کو فروغ دینے اور ان کے تحفظ کیلئے آیوش کی مرکزی وزارت کے نیشنل میڈیسنل پلانٹس بورڈ نے پورے خطے میں 1سو اسکول ہربل گارڈنز کے قیام کو منظوری دی ہے ۔اس منصوبے کیلئے 53لاکھ روپے مختص رکھے گئے ہیں۔ اس منصوبے کوجموں کشمیر کے ڈائریکٹر آیوش کی سفارش پر منظوری دی گئی ہے ۔

سکینہ ایتو

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ جمونکشمیر کے تعلیمی منظر نامے میں مزید بہتری لانے کیلئے سرکار ٹھوس اقدامات کر رہی ہیں ۔ ان باتوں کا اظہار انہوں نے آج گورنمنٹ ڈگری کالج کولگام میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران کیا۔اس موقعے پر ضلع سے تعلق رکھنے والے 3سو ایسے طالب علموں کو اعزازات سے نوازا گیا جنہوں نے بارویں جماعت کے امتحانا ت میں غیر معمولی کار کردگی ظاہر کی ہے ۔اس موقعے پر ڈائریکٹر کالجز جموں کشمیر ڈاکٹر شیخ اعجاز بشیر اور ناظم تعلیم کشمیر نصیر احمد وانی کے علاوہ مذکورہ کالج کے پرنسپل بھی موجود تھے۔

چیف جسٹس

بھارت کے چیف جسٹس ، جسٹس سوریہ کانت نے آج لیہہ میں ورچول موڈ کے ذریعے ڈسٹرکٹ کورٹ کمپلیکس کرگل کا افتتاح کیا۔اس موقعے پر لداخ کے لیفٹنٹ گورنر وی کے سکسینہ ، جموں کشمیر اور لداخ ہائیکورٹ کے چیف جسٹس ، جسٹس ارن پلی اور عدلیہ کے دیگر اعلیٰ افسران موجود تھے ۔ ہمارے نمائندے عنایت علی کے مطابق جسٹس سوریہ کانت نے اس موقعے پر کہا کہ عدلیہ ملک کے دور دراز علاقوں میں لوگوں کو قانونی خدمات اور انصاف کی بر وقت فراہمی کیلئے وعدہ بند ہے ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیر کے سبھی بڑے اسپتالوں اور دیگر طبی اداروں میں کرٹیکل کیئر یونٹس کو مزیدمستحکم بنانے کی ضرور ت پر زور دیا ہے ۔ انہوں نے آج جموں میں صحت و طبی تعلیم محکمے کے افسران کی ایک میٹنگ طلب کرکے جموں کشمیر میں قائم کئے گئے نئے میڈیکل کالجوں اور ضلع اسپتالوں میں فراہم کی جا رہی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ میٹنگ مینمحکمے صحت کے اعلیٰ افسران ، میڈیکل کالجوں کے پرنسپل صاحبان اور طبی اداروں کے سربراہوں نے بھی شرکت کی ۔میٹنگ کے دوران ڈائریکٹر سکمز صورہ پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف گنائی نے نئے میڈیکل کالجوں میں طبی سہولیات میں بہتری لانے کیلئے اُن کے سکمز صورہ کے ساتھ قریبی تال میل اور اشتراک کی تجویز دی ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن ہیں۔

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

-----

ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔

اندرابی

جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے کہا ہے کہ جموں کشمیر نے حصول امن کیلئے کافی جد وجہد کی اور وزیرا عظم نریندر مودی کی قیادت میناس خطے میں اب امن کا قیام حقیقت بن چکا ہے ۔

سرینگر میں آج سوامی وویکا نند انٹر نیشنل پیس اینڈ SKICC ان خیالات کا اظہار انہوننے بُک آف ورلڈ ریکارڈس اینڈ ورلڈ سٹار ریکارڈس کے اہتمام Zenith سپریچول کلچرل سینٹر اور سے منعقدہ ایک تقریب پر بولتے ہوئے کیا۔

اس موقعے پر زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی کئی شخصیات کو اعزاز ات سے نوازا گیا ۔ بعد میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے ڈاکٹر اندرابی نے کہا۔

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ آئین ہند تمام فرقوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو برابر کے حقوق فراہم کرتا ہے جس سے ملک کی سالمیت یقینی بنتی ہے ۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ نیشنل کانفرنس جمہوریت کے اصولوں کی پاسدار جماعت ہے ۔

BJP

جموں کشمیر کے سینئر لیڈروں کی ایک میٹنگ آج جموںمیںمنعقد ہوئی جس کی صدارت پارٹی BJP کے پردیش صدر اور پارلیمنٹ ممبر ست شرما اور جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اشوک کول نے کی۔میٹنگ کے دوران 14اپریل کو منائی جانی والی ڈاکٹر بی آر امبیڈ کر جینتی کے سلسلے میں منعقدکئے جانے والے پروگراموں کیلئے تیاریونکا جائزہ لیاگیا۔

شمولیت

سنگھ جسروٹیہ نے اپنے Kewal جموں صوبے کے کھٹوعہ ضلع سے تعلق رکھنے والے میں شمولیت اختیار کی ۔ پارٹی صدر محبوبہ مفتی اور دیگر لیڈروں نے اُن PDP حامیونسمیت آج کا پارٹی میں خیر مقدم کیا ۔

## این سی تعزیت

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر و وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے شمالی کشمیر کے کپواڑہ سے تعلق رکھنے والے صحافی ظہور سلطان ، یحیٰ سلطان اور طاہر سلطان کے والد خواجہ محمد سلطان وار کے انتقال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے غمزدہ خاندان کے ساتھ ہمدردی ظاہر کی ہے ۔

## تعزیت

شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ سرینگر کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمدا شرف گنائی نے ادارے میں Anaesthesiology شعبے کی سینئر فیکلٹی ممبر پروفیسر وَقار النساءکے والدکے انتقال پر گہرے رنج کا اظہار کیا ہے ۔ ڈائریکٹر موصوف کی صدارت مینمنعقد ہوئی ایک تعزیتی میٹنگ میں غمزدہ خاندان کے ساتھ ہمدردی کا اظہا رکیا گیا۔

## گرفتاری

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر نے اننت ناگ ضلع کے پولیس اسٹیشن میں تعینات SPO امتیا ز احمد بٹ کو18ہزار روپے کی رشوت لیتے ہوئے گرفتار کیا ہے۔

اس سے قبلACB نے پلوامہ ضلعے میں اونتی پورہ کے جل شکتی میکنیکل ڈویژن ساوتھ کے ایگزیکٹیو انجینئر منظور احمد ڈار کو 12ہزار روپے کی رشوت لیتے ہوئے گرفتار کیا تھا۔

## کشمیر پولیس

غیر قانونی کان کنی کے خلاف اپنی کارروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے گاندربل میں چھ گاڑیوں کوضبط کیا ہے۔

منشیات کے خلاف کارروائی تیز کرتے ہوئے پولیس نے ہندواڑہ میں تین ڈرگ سمگلرونکو گرفتار کیا ہے۔

## جموں پولیس

منشیات کے کاروبار کے خلاف جاری کارروائیوں کے دوران جموں پولیس نے دومانہ علاقے میں انکت مہاجن ، موہت شرما اور انکت بھٹ نامی تین ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے۔ادھرادھمپور پولیس نے چنینی کے مقام پر محمد سہیل لون نامی ڈرگ سمگلر کی گرفتار عمل میں لائی ہے۔

جموں رورل پولیس کے اہتمام سے سیوک ایکشن پروگرام کے تحت منعقد ہوا کرکٹ ٹورنا منٹ اختتام پذیر ہوا ۔ اختتامی تقریب پر SP رورل جموں برجیش شرما نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی ۔

فوج

فوج کی شمالی کمان کے اہتمام سے ادھمپور فوجی ہیڈ کواٹر میں تقسیمِ انعامات کی ایک تقریب منعقد ہوئی جس کی صدارت شمالی کمان کے جنرل آفیسر کمانڈنگ ان چیف لیفٹنٹ جنرل پرتیک شرما نے کی ۔

جموں میں فوج کے ترجمان لیفٹنٹ کرنل سنیل برتوال نے کہا کہ اس تقریب کے دوران52فوجی اہلکاروں اور41 فوجی یونٹس کو اُن کی غیر معمولی کارکردگی اور بہادری کےلئے اعزازات سے نوازا گیا۔

ریلوے

گرمائی چھٹیوں کے دوران مسافروں کے ممکنہ رش کو دیکھتے ہوئے شمالی ریلوے کے جموں ڈویژن نے جموں اور چھپرا کے درمیان خصوصی ٹرین سروس چلانے کا اعلان کیا ہے۔جموں ڈویژن کے سینئر ڈویژنل کمشنر منیجر اُچت سنگل نے کہا ہے کہ اس خصوصی سروس سے جموں ، پنجاب ، اُتر پردیش اور بہار سے سفر کرنے والے مسافروں کوسفر کی آرام دہ سہولیات دستیاب رہیں گی۔

IPL

انڈین پریمیر لیگ کے آج کے میچ میں ممبئی انڈینز کا مقابلہ کولکتہ نائٹ رائیڈرس سے ہو رہا ہے ۔ یہ میچ ممبئی کے وانکھڑے اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا ، جو رات ساڑھے سات بجے شروع ہو گا۔

واضح رہے کہ بنگلورو کے ایم چنا سوامی اسٹیڈیم میں کل کھیلے گئے میچ میں روئل چیلنجرس بنگلورو نے سن رائزرس حیدر آباد کو 6وکٹ سے شکست دی تھی ۔

بارشیں

جموں کشمیر میں موسم کی تبدیلی کے بعد گزشتہ شب وادی کے بالائی علاقونمیں ہلکی سے درمیانہ درجے کی برف باری ہوئی۔ جس کے نتیجے میں سرینگر- لیہہ قومی شاہراہ اور بانڈی پورہ -گُریز روڈکو گاڑیوں کی آمد رفت کیلئے بند کر دیا گیا ۔ اس دوران وادی کے میدانی علاقوں میں آج دوپہر تک رُک رُ ک کر بارشیں ہوئیں ۔ سرینگر شہر میں کئی سڑکوں پر بارش کا پانی جمع ہو گیا جس کی وجہ سے لوگوں کوچلنے پھرنے میں دقتوں کا سامنا کرنا پڑا۔

سطح آب

وادی کے مختلف علاقوں میں حالیہ بارشوں کے باوجود تمام چھوٹے بڑے دریاؤں اور ند ی نالونمیں پانی کی سطح معمول کے برعکس ابھی بہت کم ہے ۔ آبپاشی اور فلڈ کنڑول محکمے کی طرف سے جاری اعداد و شمار کے مطابق دریائے جہلم میں آج صبح 9بجے سنگم کے مقام پر صفراعشاریہ سات صفرفٹ، رام منشی باغ میں تین اعشاریہ صفر تین فٹ،جھیل ولر میں 1ہزار573اعشاریہ نو صفرمیٹر ، ویشو نالے میں کھڈونی کے مقام پر دواعشاریہ چھ دومیٹر ، دریائے سندھ میں دُدرہامہ کے مقام پر صفراعشاریہ ایک دومیٹر پانی کی سطح ریکارڈ کی گئی۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش ہونے کا تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت19 اعشاریہ6ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت10 اعشاریہ 3 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت16 اعشاریہ6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 21 منٹ اور غروب آفتاب شام6 بجکر50منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

------------------------------------